11103- صاحب امانت کی اجازت کے بغیر امانت استعمال کرنے تحریم

سوال

میرے پاس ایک شخص نے بطور امانت اپنی گاڑی کھڑی کی اور سفر پر چلا گیا، اس کی اجازت کے بغیر مجھے مجبورا اس کی گاڑی استعمال کرنا پڑی تو کیا اس کی غیر موجودگی میں گاڑی استعمال کرسکتا ہوں یا اسے وہیں کھڑی کردوں، آپ کے علم میں ہونا چاہیے کہ مجھے اس کے استعمال کرنے کی ضرورت ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

بغیر اجازت استعمال کرنا حرام ہے، اس لیے کہ علماء کرام کا کہنا ہے : امانت میں صاحب امانت کی اجازت کے بغیر تصرف کرنا حرام ہے، اور پھر یہ امانت کے بھی منافی ہے، اسے توآپ کے پاس امانت رکھا گیا ہے لھذا آپ اسے مالک کی اجازت کے بغیر استعمال نہیں کرسکتے ۔

لھذا آپ کو چاہیے کہ آپ اسے اپنی جگہ واپس کھڑا کردیں اور اس کی حفاظت کریں، اور آپ نے اسے استعمال کرکے جو غلطی کی ہے وہ جائز نہیں تھا اس سے آپ گنہگار ہوئے ہیں لیکن اگر مالک آپ کو اس کی اجازت دے دے تو اس میں کوئی مانع نہیں ہوگا ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .